**ISLAND TEXTILE MILLS LIMITED**

TATA PAKISTAN

# اطلاع برائے غیر معمولی اجلاس عام

مطلع کیا جاتا ہے کہ آئی لینڈ ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ کے حصص یافتگان کا غیر معمولی اجلاس عام مورخہ 24 اکتوبر 2019ء کو صبح 11:00 بجے پانچویں منزل ٹیکسٹائل پلازہ ایم اے جناح روڈ کراچی میں منعقد کیا جائیگا جس میں مندرجہ ذیل معاملات زیر بحث آئیں گے۔

## عمومی امور:

1- 49واں سالانہ اجلاس عام منعقدہ 22 اکتوبر 2018ء کی کارروائی کی توثیق۔

2- کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کی دفعہ 159 کے مطابق آئندہ تین سال کی مدت کیلئے بورڈ کی جانب سے مقرر کردہ تین سال کی مدت کیلئے کمپنی کے سات ڈائریکٹرز کا انتخاب کیا ہے۔ درج ذیل سبکدوش ڈائریکٹرز دوبارہ منتخب ہونے کیلئے اہل ہیں:

1- جناب انوار احمد ٹاٹا
2- جناب شاہد انوار ٹاٹا
3- جناب عدیل شاہد ٹاٹا
4- جناب بلال شاہد ٹاٹا
5- جناب محمد نسیم
6- جناب فاروق ایڈوانی
7- محترمہ ثمر شاہد

3- چیئرمین کی اجازت سے دیگر امور اور کاروبار کی انجام دہی۔

کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کی دفعہ 166(3) کے تحت ٹھوس حقائق پر مبنی گوشوارہ نوٹس ہذا کے ہمراہ حصص یافتگان کو ارسال کیا جارہا ہے۔

**بمقام کراچی**
**مورخہ: 03 اکتوبر 2019ء**

**بحکم بورڈ آف ڈائریکٹر**
**آئی لینڈ ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ**
**محمد حسین**
**کمپنی سیکریٹری**

**نوٹس:**

1- کمپنی کی حصص منتقلی کتب مورخہ 17 اکتوبر 2019ء تا 24 اکتوبر 2019ء (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ کمپنی کے رجسٹرار میسرز سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، 99-B، بلاک-B، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی پر 16 اکتوبر 2019ء کو اختتام کار تک موصول ہونے والی منتقلیاں بروقت سمجھی جائیں گی۔

2- اجلاس میں شرکت اور رائے دہی کا/ کی اہل ممبر اپنی جانب سے شرکت کرنے اور رائے دہی کیلئے دوسرے فرد کو اپنا پروکسی مقرر کرسکتا ہے۔ پروکسی کی تقرری کے دستاویزات دستخط اور مہر کے ساتھ اجلاس کے انعقاد سے کم از کم اڑتالیس گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس پر موصول ہوجانے چاہئیں۔

3- شرکت اور رائے دہی کے اہل سی ڈی سی کے انفرادی ممبران کو اپنی شناخت کیلئے اصل سی این آئی سی یا پاسپورٹ ہمراہ لانا اور پروکسی کی صورت میں سی این آئی سی کی تصدیق شدہ کاپی پروکسی فارم کے ہمراہ منسلک ہونی چاہیے۔ کارپوریٹ ممبران کے نمائندوں کو بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی اور نامزد فرد کے دستخط کا نمونہ پیش کرنا ہوگا۔

4- وہ ممبر جو ڈائریکٹرز کے انتخاب میں حصہ لینے کے خواہشمند ہیں وہ کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کی دفعہ 159(3) کے تحت ڈائریکٹرز کے انتخاب کیلئے اپنی پیشکش اجلاس ہذا سے چودہ (14) روز قبل بشمول کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کی دفعہ 167(1) کی ضروریات کے مطابق فارم-28 بطور ڈائریکٹر کی حیثیت سے کام کرنے کی رضامندی مکمل کرکے کمپنی کے پاس جمع کرادیں۔ رضامندی کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء اور لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز مجریہ 2017ء کے تحت مطلوبہ اعلامیہ کے ساتھ ہونی چاہیے۔

5- ممبران سے درخواست ہے کہ اپنے پتہ میں کسی قسم کی تبدیلی سے متعلق فوری مطلع کریں۔

کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کی دفعہ 166(3) کے تحت گوشوارہ کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کی دفعہ کا تقاضا ہے کہ ٹھوس حقائق کا گوشوارہ اجلاس عام کے نوٹس کے ساتھ منسلک کیا جائے جس کا مقصد ڈائریکٹرز کے انتخاب میں آزاد ڈائریکٹر کے طور پر منتخب ہونے کیلئے نامزدگی کا جواز ظاہر کیا جائے۔

لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز 2017ء کے مطابق آئی لینڈ ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ کو ایک لسٹڈ کمپنی ہونے کے طور پر اپنے بورڈ کیلئے دو (2) آزاد ڈائریکٹرز درکار ہیں جس کے تحت کمپنی اس بات کو یقینی بنائے گی کہ کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کی دفعہ میں درج کردہ ڈائریکٹرز کے انتخاب کے طریقہ کار کے مطابق دو (2) آزاد امیدواروں کا انتخاب کیا جائے۔

امیدوار کی جانب سے انتخاب میں حصہ لینے کا ارادہ/ نوٹس موصول ہونے کے بعد، کمپنی آزاد ڈائریکٹر کے عہدے پر تقرری کیلئے مندرجہ ذیل شرائط کا اطلاق کریگی۔

O- سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کا مجاز ادارہ پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف کارپوریٹ گورننس (PIGG) کے زیر انتظام ڈیٹا بینک میں آزاد ڈائریکٹر کے نام کا اندراج۔

O- انتخابی امیدوار کی امتیازی قابلیت، اہلیت، مہارت اور تجربہ کا جائزہ لیا جائیگا۔

O- ڈیٹا بینک میں کسی فرد کا انتخاب کرنے سے پہلے کمپنی مستعد طریقے سے اپنی ذمہ داری انجام دے گی کہ آزاد امیدوار کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کی دفعہ 166(2) میں درج کردہ شرائط کے معیار پر پورا اترتا ہے۔